© rasailojaraid.com



صفحات : ۲۵۲

قیمت : درج نہیں

ناشر : زم زم پبلشرز، اردو بازار کراچی

تبصرہ نگار : مولانا سید اظہر سعید (کراچی)

سیرت طیبہ پر مختلف اسلوب اور انداز سے کام کرنے والوں کا ایک وسیع سلسلہ ہے۔ ان میں سے بے شمار کتب ایسی ہیں جو ایک بار چھپیں اور پھر وقت کے دھندلکوں کا شکار ہو کر گمنامی کے اندھیروں میں چلی گئیں، جبکہ کتنی ہی کتب ایسی بھی ہیں جو مقبول ہوئیں، اور اپنی پہلی اشاعت کے بعد بھی مسلسل چھپتی رہیں۔ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب بھی اسی نوعیت کی کتاب ہے۔ جس کے مؤلف حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ہیں، یہ کتاب عرصے سے اپنی اصل حالت میں چھپتی رہی ہے، مگر چونکہ اس کی زبان قدرے قدیم محسوس ہونے لگی تھی۔ اس لئے مولانا ارشاد احمد فاروقی صاحب نے اس کی تسہیل کی ہے اور اس کا نام تذکرۃ الحبیب تجویز کیا ہے۔ تسہیل عمدہ ہے، اور اکثر مقامات پر بات واضح کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ البتہ ایک آدھ مقام پر مطلب خلط یا تبدیل بھی ہو گیا ہے، اس طرف توجہ کی ضرورت ہے، کتاب عمدہ انداز میں شائع ہوئی ہے۔

البتہ ایک کام کی ضرورت محسوس ہوتی ہے، اور وہ ہے کتاب میں آنے والی احادیث کی تخریج، آئندہ اشاعت میں یہ خدمت بھی انجام دے دی جائے تو بہت مفید ہوگا۔

---

نام کتاب : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عائلی زندگی

مؤلف : حافظ محمد سعد اللہ

صفحات : ۴۰۲

قیمت : ۲۰۰ روپے

ناشر : برائٹ بکس، اردو بازار، لاہور،

تبصرہ نگار : سید عزیز الرحمٰن

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر علیحدہ علیحدہ کتب تالیف کرنے کا رجحان کافی پختہ روایت بن چکا ہے، اس کا سب سے مفید پہلو یہ ہے کہ اس طرح موضوع زیر بحث کے تمام متعلقہ پہلوؤں پر توجہ دینا آسان ہو جاتا ہے، اور قاری کو بھی تمام اہم مباحث یکجا مل جاتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زیر نظر کاوش بھی اسی تناظر میں تحریر کی گئی ہے۔ اور یہ کتاب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عائلی زندگی کے مختلف پہلوؤں کا جامعیت کے ساتھ احاطہ کرتی ہے، اس کتاب کے مؤلف اس سے قبل بھی سیرت طیبہ کے حوالے سے کئی کتب تحریر کر چکے ہیں اور کئی بار وزارتِ مذہبی امور سے ''سند امتیاز'' بھی وصول کر چکے ہیں یہ کتاب چھ ابوب میں منقسم ہے، جن کے عنوانات یہ ہیں:

۱۔ ازواج، نکاح، ۲۔ تعدد ازواج نبوی صلی اللہ علیہ وسلم، ۳۔ کاشانۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا نظم و نسق، ۴۔ بے مثال شوہر، ۵۔ بے مثال باپ، ۶۔ بے مثال آقا

اس طرح کتاب میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کی خانگی پہلو کو بیان کیا گیا ہے، اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتی زندگی، اہلِ خانہ سے برتاؤ، قناعت و ایثار، سادگی و بے تکلفی وغیرہ کا بھی ذکر ہے، اور تعدد ازواج کے معرکۃ الآرا مسئلے پر مستشرقین کے بلا جواز اعتراضات کے ساتھ ساتھ تعدد ازواج کی حکمتوں پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس سلسلے میں اسلام کے عادلانہ اور معتدلانہ احکامات کی بھی وضاحت کی گئی ہے، پھر خواتین کو اسلام نے جو مقام و مرتبہ عطا کیا ہے اسے بھی متعدد مقامات پر واقعات کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے، اس طرح کتاب پڑھنے کے لائق اور استفادے کے قابل ہے۔

کتاب حوالہ جات سے مزین ہے، لیکن بعض مقامات پر ثانوی مآخذات پر انحصار کھٹکتا ہے، جبکہ اصل مآخذ دوسرے حوالوں میں نظر آتے ہیں۔ اس جانب توجہ کی ضرورت ہے، کتابت مشینی ہے، مگر معیاری نہیں۔ جلد، سرورق، کاغذ متوسط معیار کا ہے۔

دینی صحافت میں ایک خوب صورت اضافہ
ماہنامہ الاسلام کراچی
نگراں: ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی،
مدیر: مشتاق احمد قریشی
رابطے کے لئے
احمد چیمبر ڈاکٹر بلموریا اسٹریٹ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

© rasailojaraid.com